کورونا وائرس: گھبرائیں نہیں، احتیاطی تدابیر اپنائیں! کھانستے یا چھینکتے وقت رومال، ٹشو پیپر یا کہنی سے منہ اور ناک ڈھانپ لیں

راولپنڈی ترقیاتی ادارہ، راولپنڈی

(اطلاع نیلام عام)

راولپنڈی ترقیاتی ادارہ پارکنگ پلازہ، فوارہ چوک، راولپنڈی کے ٹھیکہ کار و موٹر سائیکل پارکنگ واقع گراؤنڈ و فرسٹ فلور بمعہ چھت کیلئے اوپن نیلامی برائے دو سال 22-2020ء کرنا چاہتا ہے۔ **ٹھیکہ کی مدت دو سال ہوگی جو کہ نا قابل تجدید ہوگا۔** پہلے سال کے ختم ہونے پر دوسرے سال میں کرایہ میں **10% اضافہ کیا جائے گا۔** بولی دہندہ / دہندگان کی غیر موجودگی میں اسے / انہیں اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی طرف سے کسی شخص کو مختار خاص / نمائندہ مقرر کر دے / دیں۔ مختار خاص / نمائندہ کو بولی سے قبل اصل مختار نامہ / اختیاری لیٹر و شناختی کارڈ جمع کروانا لازمی ہوگا۔ اشتہار ہذا محکمہ آر۔ڈی۔اے کی ویب سائٹ (rda.gop.pk) سے بھی download کیا جاسکتا ہے۔ سرکاری بولی و پارکنگ فیس درج ذیل ہوگی:۔

سرکاری بولی	زر بیعانہ	سیکیورٹی	پارکنگ فیس
مبلغ ایک کروڑ تینتیس لاکھ دس ہزار روپے سالانہ (Rs.1,33,10,000/-)	مبلغ تیرہ لاکھ، اکتیس ہزار روپے Rs. (13,31,000/-)	کامیاب بولی کی رقم کا دس فیصد (10%)	**موٹر سائیکل:** مبلغ 10 روپے فی گھنٹہ مبلغ 30 روپے فی دن ماہوار: مبلغ 500 روپے **کار / ٹیکسی / رکشا:** مبلغ 30 روپے فی گھنٹہ مبلغ 110 روپے فی دن ماہوار: مبلغ 3300 روپے **بڑی گاڑیاں:** مبلغ 35 روپے فی گھنٹہ ماہوار: مبلغ 4400 روپے

نیلامی کانفرنس روم بمقام دفتر آر۔ڈی۔اے لیاقت باغ مری روڈ، راولپنڈی میں مورخہ 10.06.2020 بوقت 11.00 بجے صبح ہوگی۔ اگر ناگزیر وجوہات کی بناء پر نیلامی مذکورہ تاریخ پر نہ ہوسکی تو نیلامی سات دن بعد مورخہ 17.06.2020 بوقت 11.00 بجے صبح کی جائے گی۔ اگر پھر بھی کسی وجہ سے نیلامی مذکورہ تاریخ پر نہ ہوسکی تو نیلامی سات دن بعد مورخہ 24.06.2020 بوقت 11.00 بجے صبح کی جائے گی۔ چیدہ چیدہ شرائط نیلام درج ذیل ہیں:۔ ☆ بولی میں شرکت سے قبل بولی دہندہ / دہندگان کو درج بالا رقم زر بیعانہ مبلغ تیرہ لاکھ، اکتیس ہزار روپے بصورت پے آرڈر بحق آر۔ڈی۔اے ہمراہ شناختی کارڈ کی نقل جمع کروانا لازمی ہوگا۔

☆ کامیاب بولی دہندہ / بولی دہندگان کو بولی کی رقم کا 10% بمعہ دو عدد اقساط بولی کی منظوری کے تین یوم کے اندر اندر بصورت پے آرڈر بحق آر۔ڈی۔اے جمع کروانا ہوگا۔ جمع کروائی گئی ایڈوانس دو اقساط ٹھیکہ کے اختتامی سال کے آخری دو ماہ میں ایڈجسٹ کی جائیں گی۔

☆ آر۔ڈی۔اے کے نادہندگان اور کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ فرد / افراد بولی ٹھیکہ میں بالواسطہ یا بلاواسطہ حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔ ٹھیکہ کی منظوری کے بعد اگر کامیاب بولی دہندہ کسی سرکاری ادارے کا نادہندہ / بلیک لسٹ پایا گیا تو ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا۔ ☆ نیلامی ختم ہونے کے بعد کسی قسم کی پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔

☆ ٹھیکہ کی میعاد کے دوران کسی بھی متنازعہ امور کی صورت میں معاملہ جناب ڈائریکٹر جنرل آر۔ڈی۔اے راولپنڈی کو بھیجا جائے گا جن کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اس کی پابندی فریقین پر لازم ہوگی۔

☆ زر بیعانہ کی رقم ناکام بولی دہندگان کو واپس کر دی جائے گی اور کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی منظوری کے بعد اس کے کرایہ میں ایڈجسٹ کی جاسکے گی نیز سیکیورٹی کی رقم کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کے اختتام پر کسی قسم کے واجبات نہ ہونے پر واپس کر دی جائے گی۔ ☆ کامیاب بولی دہندہ وفاقی حکومت اور حکومت پنجاب کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری شدہ ہدایات کی من و عن تعمیل کا پابند ہوگا اور تمام گورنمنٹ واجبات اور ٹیکس وغیرہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

☆ کامیاب ٹھیکہ دار ہر ماہ کی دس تاریخ تک کرایہ کی قسط جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ لیٹ ادائیگی کی صورت میں مبلغ 300 روپے فی دن جرمانہ کیا جائے گا۔ بروقت کرایہ جمع نہ کروانے کی صورت میں مذکورہ رقم سیکیورٹی سے منہا کی جائے گی اور ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ ☆ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی حتمی منظوری کے بعد آر۔ڈی۔اے کے ساتھ اپنے خرچے پر باقاعدہ تحریری معاہدہ کرنا ہوگا جس میں مدت معاہدہ درج ہوگی۔

☆ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو اگر کسی بھی وجہ سے نقصان ہوا تو محکمہ ذمہ دار نہ ہوگا اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ کسی نقصان کا دعویٰ کرنے کا مجاز ہوگا نیز کامیاب بولی دہندہ اپنی منظور شدہ بولی کو ضمنی کرایہ داری (Sublet) کرنے یا اس میں کسی بھی شخص / کمپنی کو شریک کار بنانے کا قطعاً مجاز نہ ہوگا۔

☆ قدرتی آفات ارضی و سماوی، زلزلہ، ہڑتال، حالت جنگ، ملکی بحران یا کسی بھی ہنگامی حالت کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کسی بھی قسم کی رعائت کا مستحق نہ ہوگا اور نہ ہی اس ضمن میں کسی بھی قسم کی رعائت یا Rebate کا دعویٰ کرنے کا مجاز ہوگا اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ ہنگامی حالات کو جواز بنا کر واجبات روک لینے کا مجاز ہوگا۔

☆ ٹھیکہ کی مدت کے دوران ٹھیکیدار پارکنگ پلازہ کے تمام یوٹیلیٹی بلز کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا نیز تمام یوٹیلیٹی بلز خصوصاً بجلی کے بل کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنانے کیلئے سیکیورٹی محکمہ آر۔ڈی۔اے کے پاس جمع رہے گی جو کہ معاہدہ کی مدت ختم ہونے کے بعد IESCO اور دوسرے متعلقہ محکموں سے کلیرنس حاصل کرنے کے بعد ریلیز کر دی جائے گی۔

☆ کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ آر۔ڈی۔اے کی پارکنگ فیس پارکنگ پلازہ میں نمایاں جگہوں پر برائے آگاہی عوام الناس چسپاں کرے۔

☆ کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ پارکنگ فیس کی وصولی کیلئے الیکٹرانک نظام نصب کرے جس میں کار و موٹر سائیکل کی انٹری اور آؤٹ ٹائم کا پتہ چلے تاکہ روزانہ پارکنگ فیس وصول کر سکے۔

☆ ٹھیکہ کی دیگر تفصیلات اور شرائط و ضوابط نیلامی کے وقت پڑھ کر سنائی جائیں گی اور یہ باور کیا جائے گا کہ بولی میں شرکت کرنے والے تمام افراد شرائط نیلامی سے آگاہ اور متفق ہیں چاہے شرائط نیلام پر ان کے دستخط یا نشان انگوٹھا نہ ہوں۔ ☆ ڈائریکٹر جنرل کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی ایک بولی یا تمام بولیوں کو بغیر کوئی وجہ بتائے مسترد کر دیں۔

ڈائریکٹر (اسٹیٹ مینجمنٹ)، آر۔ڈی۔اے، راولپنڈی فون نمبر: 051-5552516

IPL-4235